# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 17 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ کپڑے کی صنعت کو برآمدات کو 2030 تک 9لاکھ کروڑ تک بڑھانے کا ہدف ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ہفتے کو بھگدڑ کے واقعے کی اعلیٰ سطحی کمیٹی کرے گی جانچ۔

☆ کسانوں کے مسائل کو حل کرنا ریاستی حکومت کی ترجیح' سی سی آئی کی کپاس خریدی کو دوبارہ شروع کرنے کیلئے مرکزی وزراء سے بات چیت: وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ شیوجینتی کے موقع پر چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں مختلف پروگراموں کا آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کا چھٹا سب سے بڑا ٹیکسٹائل برآمد کرنے والا ملک ہے اور 2030 تک اس شعبے کی برآمدات کو 9 لاکھ کروڑ تک لے جانا ہے۔ وہ گذشتہ روز نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ بھارت ٹیکس 2025 سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا:

*" یہ مشن گروتھ کے نئے راستے کھول رہا ہے۔ آج ہم دنیا کے چھٹے سب سے بڑے ٹیکسٹائل ایکسپورٹر ہیں۔ ہمارا ٹیکسٹائل ایکسپورٹ تین لاکھ کروڑ روپئے تک پہنچ چکا ہے۔ اب ہمارا لکشیہ ہے 30-20 تک ہم اسے 9لاکھ کروڑ روپئے تک لیکر جائیں گے۔"*

پچھلے سال ہم نے فارم' فائبر فیبرک' فیشن اور فارین ان پانچ چیزوں کے بارے میں کہا تھا۔ یہ پالیسی اب بھارت کیلئے اہم ہوگئی ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا ہے کہ اس سے کسانوں سے لیکر تاجروں کو بھی ترقی کے نئے حصے مل رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت ٹیکس نمائش کے ذریعے ہندوستان کی ثقافت اور ترقی یافتہ بھارت کے مستقبل کو دیکھا جاسکتا ہے۔ بھارت ٹیکس بین الاقوامی سطح کی ایک عظیم الشان ٹیکسٹائل نمائش ہے آج تک وہ جاری ہے۔ اس میں خام مال سے لیکر تیار شدہ اشیاء تک مختلف مصنوعات اور آلات شامل ہیں۔

***** ***** *****

نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر سنیچر کی شب بھگدڑ کے واقعے کی تحقیقات کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ اس کمیٹی میں نرسمہا دیو' چیف کمرشیل مینیجر شمالی ریلوے اور پنکج گنگاوار چیف سیکوریٹی کمشنر شامل ہیں۔ کمیٹی نے اسٹیشن کی سی سی ٹی وی فوٹیج اپنے پاس رکھنے کے احکامات دیئے ہیں۔ اس واقعے میں 18 افراد ہلاک اور دیگر زخمی ہوئے تھے۔

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر مچی بھگدڑ پر کہا ہے کہ یہ خبر افسوسناک ہے۔ وہ کل ناگپور میں مہا کمبھ سے لائے گئے گنگا ندی کے پانی کا فائدہ اٹھانے کیلئے منعقدہ پروگرام کے بعد صحافیوں سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی ترجیح کسانوں کے مسائل کو حل کرنا ہے۔ وہ کل جلگاؤں ضلع کے شیند ورنی میں کسانوں کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت بجلی اور پانی کے حوالے سے کسانوں کے مسائل کو حل کرنے پر توجہ دے رہی ہے اور جن کسانوں نے شمسی پمپ کی ادائیگی کی ہے انھیں اگلے 15 دِنوں کے اندر اور ہر کسان کو مطالبہ درج کرنے کے بعد دو ماہ کے اندر اندر کنکشن دیا جائے گا۔ پھڑنویس نے یہ بھی یقین دلایا کہ بھارتی کپاس فیڈ ریشن سی سی آئی کی طرف سے رُکی ہوئی خریدی کو دوبارہ شروع کرنے کیلئے مرکزی وزیر کے ساتھ بات کی جائیگی۔

***** ***** *****

اداکار وِکرانت میسی اور اداکارہ بھومی پیڈ نیکر نے 'پرکشا پہ چرچا' کے کل کے ایپی سوڈ میں طلبہ کی رہنمائی کی۔ وکرانت میسی نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ بغیر کسی پریشانی کے امتحان دینے کیلئے اچھی طرح آرام کریں' ہمیشہ خود کو بہتر بنانے کی کوشش کریں اور نہ صرف پاس ہونے کیلئے بلکہ علم حاصل کرنے کیلئے مطالعہ کریں۔ انھوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کا مقابلہ نہ کریں اور یہ اُن پر اپنی توقعات مسلط نہ کریں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے نہرو یوا مرکز کی ''میرا یوا بھارت'' پہل جلگاؤں میں جاری ہے۔ اس کے تحت ممبئی کے 27 نوجوانوں کو بین الاضلاع یوتھ ایکسچینج پروگرام میں شامل کیا گیا ہے۔ وزیر رکشا کھڑسے نے کل ان نوجوانوں سے بات کرتے ہوئے جلگاؤں کے ثقافتی تاریخی اور زرعی پس منظر کے بارے میں اطلاع دی۔

***** ***** *****

44 واں مراٹھواڑہ ساہتیہ سمّیلن کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے قریب والوج میں قانون ساز کونسل کے حزبِ اختلاف کے قائد امبا داس دانوے کی موجودگی میں اختتام پذیر ہوا۔ دانوے نے کہا کہ صحیح معنوں میں ادب معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے، ادب میں معاشرے کے دکھوں کا اظہار کیا جاتا ہے۔ کسانوں ،محنت کشوں اور خواتین کے مسائل پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ انھوں نے خیال ظاہر کیا کہ ان تمام مسائل کا اظہار اس ادبی سمّیلن میں کیا گیا ہے۔ زرعی قیمتوں کا مسئلہ ہو یا خواتین پر مظالم ہوئیا علاقے میں ترقیاتی مسائل ہوں' اس ادبی سمّیلن میں ہر موضوع پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی۔ انھوں نے کہا کہ اگر ہم ان تمام موضوعات کا مطالعہ کریں تو یہ واضح ہوتا ہے کہ ادب مسلسل معاشرے کے بارے میں سوچتا ہے اور ادب میں معاشرے کے دکھوں کا اظہار کیا جاتا ہے۔

دریں اثناء' اس اختتامی اجلاس میں گیارہ مختلف قرار دادیں منظور کی گئیں۔ ان میں یہ قرار دادیں بھی شامل ہیں کہ مرٹھواڑہ سے گذرنے والی تمام ریلوے لائنوں کو دوہرا کیا جائے اور ان لائنوں کو ریلوے کے مرکزی حصے سے جوڑا جائے۔ پانی کی منصفانہ تقسیم کے اُصولوں کے مطابق 22 ٹی ایم سی پانی ہر سال مراٹھواڑہ کو دیا جائے' حکومت ایسی پالیسی کو نافذ نہ کرے جس سے تعلیم کا نقصان ہو یا تعلیم سے غریب طبقے کے بچے محروم رہ جائیں۔

اس موقع پر پرنسپل پرتاپ راؤ بوراڑے' جسٹس نریندر چپلگاؤنکر' ناول نگار آر کے بوراڑے کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سمّیلن میں ہوئے مکالمے، افسانہ نگاری' ادبِ اطفال میں حاضرین کی خوب پذیرائی حاصل ہوئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

شیوجینتی کے موقع پر کل سے چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں مختلف پروگرام شروع ہوئے۔ ضلع شیوجینتی مہوتسو کمیٹی کی جانب سے شہر میں موجود تمام مجسموں کی صفائی کی گئی اور ایک سائیکل ریلی بھی نکالی گئی۔ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے کرانتی چوک پر شیوعہد کے ہتھیاروں کی نمائش منعقد کی گئی۔ اس موقع پر نوجوانوں اور بوڑھوں نے شیو کے زمانے کے ہتھیاروں اور ثقافت کے ساتھ ساتھ ان کی جنگی حکمتِ عملی سے بھی آگاہی حاصل کی۔ شیوعہد کے آؤٹ ڈور کھیل کا مظاہرہ آج یہاں دکھایا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلع کے تلجاپور میں کل بامبے ہائیکورٹ کے جسٹس ارون پیڈ نیکر کے ہاتھوں اعلیٰ سطحی فوجداری عدالت کا افتتاح عمل میں آیا۔ پیڈ نیکر نے اس موقع پر کہا کہ ''اس عدالت کی وجہ سے فریقین کو اب زمین کے حصول اور خاندانی عدالتی مقدمات کیلئے دھاراشیوضلع کورٹ جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

***** ***** *****

اُتر پردیش کے بارہ بنکی ضلع کے لونی کٹرا میں ناندیڑ سے ایودھیا جارہے عقیدت مندوں کے ایک ٹیمپوٹراویلس حادثے کا شکار ہوگیا جس میں چار افراد ہلاک اور دیگر 16 زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ کل صبح اُس وقت پیش آیا جب ٹیمپوسڑک کے کنارے ایک ٹوٹی ہوئی بس سے ٹکرا گیا۔ مرنے والوں میں تین ناندیڑ کے افراد تھے، جبکہ ایک ہنگولی کا رہنے والا تھا۔

***** ***** *****

لاتورضلع کے مُروڑ میں کل دوپہر کو ایک حادثہ میں ایک شخص ہلاک اور سات دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ڈرائیور نے اپنی اسکارپیو سے کنٹرول کھودیا اور سڑک کنارے واقع ایک ہوٹل سے ٹکرا گیا۔ یہ کار شادی کیلئے پونے سے لاتور جارہی تھی۔ تیز رفتار کار نے چھوٹی حفاظتی دیوار کو توڑ کر ہوٹل کے اندر موجود لوگوں کو کچل دیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ کے 100 روزہ ایکشن منصوبے کے تحت سات نکاتی پروگرام پر پربھنی پولس انتظامیہ مؤثر طریقے سے عمل درآمد کررہا ہے۔ اس کے تحت پولس سپرنٹنڈنٹ رویندر سنگھ پردیشی کی رہنمائی میں کل ضلع کے کچھ پولس اسٹیشنوں اور ان کے احاطوں میں صفائی مہم چلائی گئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں ریلوے لائن کی کشادگی و توسیعی کاموں کے پیشِ نظر آج سے آئندہ 3 مارچ تک کچھ ریلوے گاڑیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔ پربھنی- ناندیڑ ایکسپریس 19، 20، 22، 23، 26، 27 فروری اور 1 و 2 مارچ کو منسوخ کی گئی ہے۔ جبکہ ناندیڑ- اورنگ آباد ایکسپریس 21 اور 28 فروری کو منسوخ کرنے کی اطلاع جنوب وسطی ریلوے دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے قریب والوج میں واقع شری ناتھ کالج آف فارمیسی، ہائی ٹیک کالج کے احاطے میں کل پنڈت دین دیال اپادھیائے روزگار میلہ منعقد ہوا۔ ضلع فروغِ ہنر مرکز اور روزگار فراہمی و رہنمائی مرکز کے اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا کہ اس روزگار میلے میں 479 امیدواروں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلع کے کلمب تعلقے کے کھامس واڑی میں کھیتوں میں گانجے کی غیر قانونی کاشت کرنے والے ایک کسان کیخلاف پولس نے کارروائی کی۔ اس دوران پولس نے 347 کلو 280 گرام گانجے کے پودے ضبط کیے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ کپڑے کی صنعت کو برآمدات کو 2030 تک 9 لاکھ کروڑ تک بڑھانے کا ہدف ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ہفتے کو بھگدڑ کے واقعے کی اعلیٰ سطحی کمیٹی کرے گی جانچ۔

☆ کسانوں کے مسائل کو حل کرنا ریاستی حکومت کی ترجیح، سی سی آئی کی کپاس خریدی کو دوبارہ شروع کرنے کیلئے مرکزی وزراء سے بات چیت: وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ شیوجینتی کے موقع پر چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں مختلف پروگراموں کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****